۲۳ نومبر،۲۰۰۷

یو ایس آئی سی ایس تازہ ترین

یو ایس آئی سی ایس کی آجروں کو اہلیت کی تصدیق کے نئے فارم کی

۲۶ دسمبر تک عملدرامد کے بارے میں یاد دہا نی

واشنگٹن - یو ایس سٹیزن شپ اور امیگریشن سروسز (یو ایس آئی سی ایس) ۲۶ نومبر،۲۰۰۷ کو وفاقی رجسٹر میں اعلان کرے گی کہ آجروں کو ملازمت کی اہلیت کی تصدیق کے ترمیم شدہ فارم پر ۲۶ نومبر تک عملدرامد کرنا ہو گا- تمام آجروں کو ہر ملازم جو امریکہ میں بھرتی کیا جائے گا، کے لئے فارم آئی- ۹ مکمل کرنا ہو گا-

نومبر۷، یو ایس آئی سی ایس نے ترمیم شدہ فارم آئی- ۹ (جس میں ترمیم کی تاریخ ہے – (ترمیم – ۰۶/۰۵/ ۰۷) N جوفارم کے نچلے کونے پر دائیں طرف ہے) کی دستیابی کا اعلان کیا جو کہ استعمال کے لئے واحد قانونی فارم ہے- نومبر ۷ کے اعلان میں یو ایس آئی سی ایس نے واضح کیا کہ وفاقی رجسٹر کے شائع ہونے کی تاریخ کے بعد آجروں کے پاس تیس دن ہوں گے جن مین وہ نئے فارم پر عملدرامد شروع کر سکیں گے- اس کے مطابق ۲۶ دسمبر۲۰۰۷ سے ترمیم شدہ فارم استعمال نہ کرنے والے آجروں پر جرمانہ عائد کیا جا سکتا ہے- ترمیم شدہ فارم اور " آجروں کے لئے کتابچہ فارم آئی- ۹ مکمل کرنے کی ہدایات " gov.cisus.www پر آن لائن موجود ہیں- فارم منگوانے اور امیگریشن کے قوانین،ضوابط اور طریقہ کار کے متعلق معلومات کے لئے قومی کسٹمر سروس سنٹر ۱-۸۰۰-۳۷۵-۵۲۸۳ پر کال کیجئے-

- یو ایس آئی سی ایس -